روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعرات 16 جون 2005ء 8 جمادی الاول 1426 ہجری 16 احسان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 133

نماز مختصر کر دیتا ہوں

آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

میں نماز میں بچے کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو نماز مختصر کر دیتا ہوں تا کہ اس کی ماں کے لئے پریشانی اور تکلیف کا باعث نہ ہو۔

(صحیح بخاری کتاب الاذان باب من اخف الصلوٰۃ حدیث نمبر 666)

3

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیڈا

واقفین نو اور ناصرات کی کلاسیں۔ خطبہ جمعہ۔ امریکہ سے آمدہ فیملیز کی ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

8 جون 2005ء

صبح چار بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز فجر ہوٹل کے اسی ہال میں پڑھائی جو نمازوں کی ادائیگی کے لئے مخصوص کیا گیا تھا۔

آج پروگرام کے مطابق وکٹوریہ (Vancouver Island) سے واپس وینکوور شہر کے لئے روانگی تھی۔ پونے دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ ہوٹل سے روانہ ہو کر سوا دس بجے فیری ٹرمینل (بندرگاہ) Swartz Bay پہنچے۔ جہاں سے وینکوور کے لئے فیری گیارہ بجے روانہ ہوئی۔ فیری (بحری جہاز) میں حضور انور کو VIP Treatment دی گئی اور سفر کے لئے ایک مخصوص لاؤنج مہیا کیا گیا حضور انور کے قافلہ کے ممبران کو بھی وہ لاؤنج مہیا کیا گیا جو صرف فیری کے سٹاف کے لئے مخصوص ہے۔

فیری (بحری جہاز) کے کپتان کو جب حضور انور کی موجودگی کا علم ہوا تو اس نے پیغام بھجوایا کہ اگر حضور انور پسند فرمائیں تو وہ فیری کے کنٹرول روم میں حضور انور کو خوش آمدید کہنا چاہتے ہیں اور فیری کے آپریشن کے بارہ میں معلومات مہیا کرنا چاہتے ہیں۔ حضور انور نے فیری کے کپتان کی اس دعوت کو منظور فرمایا اور کنٹرول روم میں تشریف لے گئے۔

فیری کا کنٹرول روم ایک وسیع ہال کی صورت میں تھا۔ جس میں مختلف آلات لگے ہوئے تھے اور وہاں سے باہر سمندر کا صاف منظر نظر آتا تھا۔

کپتان نے حضور انور کو راڈار اور فیری کے دیگر مختلف آلات کے آپریشن کے بارہ میں بتایا اور وضاحت کی کہ کس طرح ابر آلود موسم اور اندھیرے میں بھی فیری کو اس کے مقررہ راستہ پر چلایا جاسکتا ہے۔ حضور انور نے ان امور میں نہایت دلچسپی کا اظہار فرمایا اور خود بھی بہت سے امور کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

حضور انور کچھ دیر کے لئے فیری کے اوپر کھلے حصہ میں بھی تشریف لے گئے۔

ڈیڑھ گھنٹہ کے سفر کے بعد فیری ساڑھے بارہ بجے وینکوور شہر کی پورٹ Tsawwassen پہنچی۔ جہاں سے روانہ ہو کر حضور انور ایک بجے دوپہر اپنی رہائش گاہ پر پہنچے۔ ڈیڑھ بجے حضور انور نے ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

بعد از سہ پہر حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ چھ بجے حضور انور وینکوور کے شمال میں واقع گراؤز پہاڑ (Grouse Mountain) پر تشریف لے گئے۔ اس پہاڑ کی چوٹی جو کہ چار ہزار فٹ کی بلندی پر ہے کیبل کار کے ذریعہ روانگی ہوئی۔ کیبل کار اس بلندی کو سات منٹ میں طے کرتی ہے۔ پہاڑ کی یہ چوٹی بادلوں اور دھند میں گھری ہوئی تھی۔ وہاں کچھ وقت گزارنے کے بعد آٹھ بجے وہاں سے کیبل کار کے ذریعہ نیچے واپسی ہوئی۔ پونے نو بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ پر واپس پہنچے۔

ساڑھے نو بجے حضور انور احمدیہ مشن ہاؤس وینکوور تشریف لے گئے۔ جہاں حضور انور نے مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور واپس اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

9 جون 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے رہائش گاہ کے عقبی لان میں مارکی میں پڑھائی۔ احباب جماعت وینکوور کے علاوہ امریکہ کی بعض جماعتوں سے آنے والے احباب نے بھی حضور انور کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ خواتین کی ایک بڑی تعداد روزانہ باقاعدگی سے مختلف فاصلوں سے نماز فجر کی ادائیگی کے لئے آتی رہی۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مختلف دفتری امور سرانجام دیئے۔ بعد از سہ پہر حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ ساڑھے پانچ بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ سے احمدیہ مشن ہاؤس وینکوور کے لئے روانہ ہوئے۔ پانچ بج کر پچپن منٹ پر حضور انور مشن ہاؤس پہنچے۔ جونہی حضور انور گاڑی سے اترے تو امریکہ سے آنے والے بعض احباب جماعت نے حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ چھ بجے حضور انور نے ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے دفتری ملاقاتوں میں ہدایات سے نوازا۔ اس کے بعد فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں جو سات بج کر چالیس منٹ تک جاری رہیں۔ آج کی ملاقاتوں میں جماعت وینکوور کے 25 خاندانوں کے 118 افراد نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

ملاقاتوں کے بعد پونے آٹھ بجے جماعت احمدیہ وینکوور کے واقفین نو بچوں کی حضور انور کے ساتھ کلاس کا انعقاد ہوا۔

(باقی صفحہ 2 پر)

فوری توجہ کی ضرورت

تحریک جدید کے اعلان سال نو پر سات ماہ گزر چکے ہیں اور متعدد جماعتوں نے اپنے وعدے بھجوانے کا اہتمام نہیں کیا۔ عہدیدار حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس اہم کام کو اولین موقع پر مکمل کرنے کا خاص اہتمام کریں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

ضرورت انسپکٹر

☆ دفتر انصاراللہ پاکستان میں ایک آسامی انسپکٹر انصاراللہ خالی ہے۔ خواہش مند احباب 25 جون 2005ء تک صدر/امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ درخواستیں بھجوائیں۔ تعلیم کم از کم F.A ضروری ہے۔

(قائد عمومی انصاراللہ پاکستان)

ضرورت لیڈی ٹیچر

نظارت تعلیم کو اپنے ادارے مریم گرلز ہائی سکول دارالنصر ربوہ میں فزیکل ایجوکیشن ٹیچر کی ضرورت ہے۔ خواہش مند احمدی خواتین اپنی درخواستیں مع اسناد کی نقول صدر/امیر جماعت کی تصدیق کے ساتھ مورخہ 10 جولائی تک نظارت تعلیم انجمن احمدیہ ربوہ میں جمع کروا دیں۔ درخواست دینے کی اہلیت: ایم اے فزیکل ایجوکیشن/بی اے +ڈپلومہ فزیکل ایجوکیشن زیادہ سے زیادہ عمر 30 سال

(نظارت تعلیم)

ایکسرے ٹیکنیشن کی ضرورت

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ایکسرے ٹیکنیشن کی درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواست دہندہ کیلئے میڈیکل فیکلٹی کا کوالیفائیڈ ڈپلومہ ہولڈر ہونا ضروری ہے۔ ایسے ایکسرے ٹیکنیشن جو خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مع اسناد وتجربہ کے سرٹیفکیٹ (فوٹو کاپیز) بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال روانہ کریں۔ درخواستیں صدر/امیر جماعت سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔

(ایڈمنسٹریٹر)

(حضور کا دورہ بقیہ از صفحہ 1)

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم قاسم ناصر نے کی بعد میں اس کا اردو ترجمہ عزیزم شعیب احمد اور انگریزی زبان میں ترجمہ ظافر محمود نے پیش کیا۔ اس کے بعد عزیزم ساغر محمود باجوہ نے حضرت مصلح موعود کے منظوم کلام میں سے نظم

ہو فضل تیرا یا رب یا کوئی ابتلاء ہو
راضی ہیں ہم اسی میں جس میں تیری رضا ہو

خوش الحانی سے پڑھ کر سنائی۔ حضور انور نے اس بچے کو اپنے پاس بلایا اور فرمایا ماشاء اللہ بہت اچھا پڑھا ہے اور اردو زبان میں لکھا ہوا پڑھا ہے۔ فرمایا تم نے کمال کر دیا ہے۔ حضور انور نے اس بچے کو ہدایت فرمائی کہ جو اردو زبان سیکھی ہوئی ہے اس کو اب جاری رکھنا ہے

اس نظم کا انگریزی ترجمہ عزیزم نبیل الرحمن خان نے پیش کیا۔

اس کے بعد عزیزم مصور احمد نے "The Importance of Waqf and Waqf-e-Nau" کے عنوان پر اور عزیزم فیروز احمد نے "My Waqf and Preparation for Jamia Ahmadiyya" کے موضوع پر تقریر کی۔ حضور انور نے فیروز احمد سے دریافت فرمایا کہ صرف تقریر کی ہے یا باقاعدہ جامعہ میں جانے کا پروگرام ہے۔ جس پر اس بچے نے جواب دیا کہ جامعہ میں جانا ہے۔

اس پروگرام کے آخر پر پانچ واقفین نو بچوں عزیزان عدیل احمد خان، بشیر احمد، بلال باجوہ، عادل محمود اور فاطر محمود پر مشتمل گروپ نے "British Columbia Welcomes" کے عنوان سے ایک پروگرام پیش کیا۔ جس میں صوبہ برٹش کولمبیا اور اس کے چھ ریجنز کا تعارف کروایا گیا۔ یہ تعارف تصویری زبان میں بھی ساتھ ساتھ T.V کی ایک بڑی سکرین پر پیش کیا جا رہا تھا۔

اس Presentation کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچوں سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا۔ آپ میں سے پانچوں نمازیں کون پڑھتا ہے۔ اس پر ان بچوں نے ہاتھ کھڑے کئے جو پانچوں نمازیں ادا کرتے ہیں۔ پھر فرمایا جو چار نمازیں پڑھتے ہیں، تین نمازیں پڑھتے ہیں۔ ان دونوں موقعوں پر بھی بچوں نے ہاتھ کھڑے کئے۔

اس پر حضور انور نے فرمایا کہ جو بچے دس سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں۔ انہیں نماز ہرگز معاف نہیں ہے۔ تین یا چار نمازیں نہیں بلکہ پوری پانچوں نمازیں پڑھا کریں۔ نماز آپ پر فرض ہے۔ واقف نو بچوں کو دوسروں کے لئے نمونہ ہونا چاہئے۔ واقفین نو بچوں میں بعض چھوٹی عمر کے بچے بھی شامل تھے۔ حضور انور نے فرمایا آپ میں سے جن کو قرآن کریم پڑھنا آتا ہے وہ روزانہ کم از کم ایک رکوع کی تلاوت کیا کریں اور اس میں بھی باقاعدگی اختیار کریں۔

آخر پر حضور انور نے بچوں سے دریافت فرمایا کہ آپ میں سے جو جامعہ میں جانا چاہتے ہیں وہ ہاتھ کھڑا کریں۔ اس پر اس کلاس میں موجود 38 بچوں میں سے بڑی تعداد نے ہاتھ کھڑا کیا کہ وہ جامعہ میں جانا چاہتے ہیں۔ تین بچوں نے ڈاکٹر بننے، ایک نے انجینئر اور ایک نے بزنس مین بننے کا اظہار کیا۔ حضور انور نے اس بچے کو جس نے بزنس لائن میں جانے کا اظہار کیا تھا۔ فرمایا پھر تم ہمارے کسی کام کے نہیں رہ جاؤ گے۔

اس کے بعد حضور انور نے بچوں کو ٹوپیاں عنایت فرمائیں اور بچوں میں چاکلیٹ تقسیم فرمائیں۔ آخر پر تمام بچوں نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔ ساڑھے آٹھ بجے یہ کلاس اپنے اختتام کو پہنچی۔

اس کے بعد جماعت احمدیہ وینکوور کی ناصرات الاحمدیہ کی کلاس حضور انور کے ساتھ شروع ہوئی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزہ زائرہ احمد نے کی جس کا اردو ترجمہ عزیزہ طیبہ شفقت نے پڑھ کر سنایا۔

اس کے بعد دو بچیوں عزیزہ اقراء بتول و ثمرہ بتول نے حضرت اقدس مسیح موعود کے منظوم کلام میں سے نظم

وہ دیکھتا ہے غیروں سے کیوں دل لگاتے ہو
جو کچھ بتوں میں پاتے ہو اس میں وہ کیا نہیں

خوش الحانی سے پڑھ کر سنائی۔ بعد ازاں عزیزہ عینہ شرما نے تقویٰ کو اختیار کرنے اور اطاعت کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد عزیزہ آمنہ علی نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے آج کے دور میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں خلافت احمدیہ کی شکل میں اپنی رسی عطا فرمائی ہے اس لئے ہم سب کو خلیفہ وقت سے ایک مضبوط تعلق قائم کرنا چاہئے۔ ایسا تعلق جس میں وفا، اطاعت، محبت اور قربانی کا جذبہ موجود ہو۔ ایسا کرنے سے ہم تفرقہ سے بچ کر باہمی اتحاد کی لڑی میں پروئے جائیں گے اور خدا تعالیٰ کے فرشتے ہماری مدد اور رہنمائی کریں گے۔

حضرت مصلح موعود نے فرمایا۔

"ملائکہ سے فیوض حاصل کرنے کا ایک یہ بھی طریق ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قائم کردہ خلفاء سے مخلصانہ تعلق رکھا جائے اور ان کی اطاعت کی جائے"۔ خدا کرے کہ ہم اللہ کی اس رسی کو مضبوطی سے پکڑ لیں۔

10 جون 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی رہائش گاہ کے عقبی لان میں مارکی میں پڑھائی۔

نماز جمعہ کی ادائیگی کا انتظام جماعت نے Ravi Banquet Hall میں کیا تھا۔ حضور انور اپنی رہائش گاہ سے ڈیڑھ بجے نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے روانہ ہوئے۔ دو بجے حضور انور اس مذکورہ ہال میں پہنچے اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ جو MTA کے ذریعہ Live نشر ہوا۔

آج کا دن جماعت احمدیہ وینکوور کے لئے ایک تاریخی دن کی حیثیت رکھتا ہے کہ کینیڈا کے انتہائی مغربی علاقے وینکوور کی سرزمین سے خلیفۃ المسیح کا یہ پہلا خطبہ جمعہ ہے جو MTA کے ذریعہ Live نشر ہوا ہے۔

نماز جمعہ میں جماعت وینکوور کے علاوہ کینیڈا کی دوسری جماعتوں، کیلگری، ٹورانٹو، آٹوا اور سسکاٹون سے بھی احباب جماعت لمبے فاصلے طے کر کے شامل ہوئے۔

امریکہ کی جماعتوں، سیاٹل، پورٹ لینڈ، سان فرانسسکو، لاس اینجلس، مشی گن، میامی، واشنگٹن، ورجینیا اور میری لینڈ سے مختلف خاندان ہزار ہا میل کا سفر طے کر کے وینکوور پہنچے اور نماز جمعہ میں شامل ہوئے۔

تین بجے حضور انور نے نماز جمعہ کے ساتھ نماز عصر جمع کر کے پڑھائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ چھ بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ سے مشن ہاؤس کے لئے روانہ ہوئے اور ساڑھے چھ بجے مشن ہاؤس پہنچے۔ جہاں حضور انور نے اس جگہ کا اور انتظامات کا معائنہ فرمایا جہاں کل صبح بیت الذکر وینکوور کا سنگ بنیاد رکھا جانا ہے۔ اس معائنہ کے بعد حضور انور نے بیت کا ماڈل اور نقشہ جات ملاحظہ فرمائے۔ اس بیت کا ڈیزائن اور نقشہ ایک مقامی آرکیٹیکٹ Steve Palmier نے تیار کیا ہے۔ موصوف اس موقعہ پر موجود تھے۔ انہوں نے حضور انور کی خدمت میں تفصیلی نقشہ جات پیش کئے اور بیت کی تعمیر کے تعلق میں مختلف امور کی وضاحت کی۔ حضور انور نے بیت کا ماڈل اور نقشہ جات ملاحظہ فرماتے ہوئے آرکیٹیکٹ صاحب سے مختلف امور دریافت فرمائے اور تعمیری پلان کے بارہ میں مختلف استفسارات فرمائے۔

اس کے بعد حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ آج امریکہ کی جماعتوں سان فرانسسکو، پورٹ لینڈ، سیاٹل، میامی، لاس اینجلس، مشی گن، میری لینڈ، ورجینیا اور واشنگٹن سے آنے والی 65 فیملیز کے 287 افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ ان ملاقات کرنے والوں میں بعض فیملیز تین ہزار میل سے زائد کا سفر طے کر کے ملاقات کے لئے پہنچی تھیں۔ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ پونے دس بجے تک جاری رہا۔

ملاقاتوں کے بعد حضور انور نے مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور مع ممبران قافلہ مکرم افضل محمود صاحب کے گھر رات کے کھانے پر تشریف لے گئے۔ یہاں سے رات گیارہ بجے حضور انور واپس اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

درخواست دعا

محترمہ فریدہ تنویر شاہ صاحبہ دار العلوم غربی (خلیل) ربوہ لکھتی ہیں۔ کہ مجھے چند روز سے بخار ہے اور کمزوری بہت زیادہ ہے احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے صحت و تندرستی والی زندگی عطا فرمائے۔ آمین

ہفتہ 18 جون 2005ء

12-45 a.m	خطبہ جمعہ لائیو
4-10 a.m	ملاقات
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-10 a.m	چلڈرنز ورکشاپ
6-40 a.m	لقاء مع العرب
7-45 a.m	ورائٹی پروگرام
8-20 a.m	خطبہ جمعہ
9-20 a.m	مشاعرہ
10-00 a.m	گفتگو
10-25 a.m	ورائٹی پروگرام
11-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-10 p.m	بستان وقف نو
1-15 p.m	گفتگو
1-45 p.m	خطبہ جمعہ
2-50 p.m	انڈونیشین پروگرام
3-55 p.m	فرانسیسی پروگرام
5-00 p.m	تلاوت، خبریں
5-50 p.m	بنگلہ پروگرام
6-50 p.m	انتخاب سخن
7-50 p.m	بستان وقف نو
8-55 p.m	مشاعرہ
9-35 p.m	ورائٹی پروگرام
10-05 p.m	سوال و جواب
11-05 p.m	چلڈرنز ورکشاپ
11-40 p.m	عربی سروس

تحریک جدید کا ایک عظیم الشان مقصد

سیدنا حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

"اللہ تعالیٰ نے ہماری جماعت کو محض اس لئے قائم کیا ہے کہ وہ اخلاق حسنہ دنیا میں قائم کرے جو آج معدوم نظر آتے ہیں یہی غرض میری تحریک جدید کے قیام سے تھی۔" (مطالبات صفحہ 173)

اس مقصد کو بیان کرنے کے بعد حضور نے فرمایا:

"ان مطالبات کا مقصد محض یہ تھا کہ جماعت اپنے حالات کے مطابق خرچ کرنے کی عادت ڈالے اور تباہی کے گڑھے میں گرنے سے محفوظ رہے۔"

(مطالبات صفحہ 174)

جملہ افراد جماعت کو یہ عظیم الشان مقصد پیش نظر رکھتے ہوئے اپنا جائزہ لینا چاہئے کہ تحریک جدید میں معیاری قربانی پیش کرنے کیلئے اپنے حالات میں کہاں تک تبدیلی کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو وقت کے تقاضے کے مطابق قربانیاں پیش کرنے کی توفیق بخشے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

غلام مصباح بلوچ صاحب

یکے از 313 حضرت مسیح موعود کے قدیم، مخلص رفیق

حضرت سید محمد رضوی صاحب

حضرت اقدس مسیح موعود اپنی صداقت کے نشانوں میں دور دراز علاقوں میں احمدیت کے پھیلاؤ کی خبر دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔

’’..........حیدرآباد دکن جس میں ایک جماعت پُرجوش مخلصوں کی طیاری گئی۔‘‘

(سراج منیر، روحانی خزائن جلد 12 ص 67)

حیدرآباد کی اس پرجوش مخلص جماعت میں ایک نام حضرت نواب سید محمد رضوی صاحب کا بھی ہے جن کو ابتداء میں ہی حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شامل ہونے کا موقع ملا۔

ابتدائی حالات

حضرت سید محمد رضوی صاحب سادات خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ مکرم سید ابوطالب صاحب کے ہاں تقریباً 1862ء میں مدراس کے علاقہ میں بمقام ایلور پیدا ہوئے۔ آپ اپنے بہن بھائیوں میں تیسرے نمبر پر تھے اور بھائیوں میں سب سے زیادہ ہوشیار اور لائق تھے۔ آپ کے بیٹے مکرم سید عبدالمومن رضوی صاحب آپ کی ابتدائی تعلیم و تربیت کے متعلق بیان کرتے ہیں:

اپنے لڑکوں کو سید صاحب (سید ابو طالب صاحب) خود تعلیم دیتے تھے ان چار لڑکوں میں سید محمد رضوی صاحب بہت ہوشیار، ذہین اور عقلمند ثابت ہوئے 12 یا 14 برس کی عمر میں قرآن و احادیث و فارسی اپنے والد سے مکمل کر کے حیدرآباد اکیلے ہی اس چھوٹی عمر میں آئے اور سید صاحب کے ایک دوست کے ہاں ٹھہرے۔ سید صاحب نے مزید علم عربی و فقہ و حدیث وغیرہ حضرت مولانا محدث حسن الزمان صاحب سے سیکھے جس دوست کے ہاں اپنے والد صاحب کی ایماء پر ٹھہرے تھے ان کے ذریعہ ایک بہت بڑے رئیس کے لڑکے کو ٹیوشن دینے کے لئے بلایا گیا تھا جس پر پچاس روپیہ ماہانہ پر صرف ایک گھنٹہ کے لئے آپ کو مقرر کیا گیا۔

بعد ازاں حضرت سید محمد رضوی صاحب نے قانون پڑھنا شروع کیا آپ قانون حاصل کرنے سکندرآباد سے حیدرآباد پیدل آتے تھے اور شام کو واپس پیدل اپنے ٹھکانہ پر روانہ ہوتے پیدل آتے اور جاتے وقت دیوانی و فوجداری کی دونوں کتب قریباً حفظ ہی کرلیں واپسی پر حیدرآباد سے سکندرآباد راستہ میں اکثر دفعہ سڑک کی روشنی میں کھڑے رہ کر بھی پڑھتے جو بلدیہ کی طرف سے لگائی گئی تھیں۔ اتنی محنت و مشقت کا اللہ تعالیٰ نے اجر دیا اور 1884ء میں امتحان وکالت میں کامیابی حاصل کی اور اسی سال سے وکالت کی پریکٹس شروع کر دی۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو ذہنی و علمی وسعت سے نوازا تھا جب وکالت کا آغاز کیا تو اس میدان میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہت کامیابی بخشی۔ دیوانی، فوجداری، مالگذاری مقدمات میں خوب کامیابی رہی ایک عرب جو سید صاحب کے دوست تھے اکثر آتے رہتے تھے اور انہیں کیمیا کا بڑا شوق تھا انہوں نے وکیل صاحب کو بھی ترغیب دی وکیل صاحب نے بھی اس کا تجربہ کیا اور آخر چند ماہ کے بعد ایک چھوٹی کتاب لکھی کہ یہ کام احمقوں کا ہے، عرب صاحب بھی روزانہ صبح جب ان کے دفتر میں آتے دیکھتے کہ موکل اکثر تھیلیوں میں روپے بھر بھر کر چھوڑ جاتے ہیں تو ایک دن کہا مولوی صاحب یہ آپ کا کیمیا سب سے اچھا ہے۔

آپ کے ہاں بڑے بڑے جاگیرداروں اور رئیسوں کے بھی مقدمات ہوتے تھے۔ 1900ء تک مشہور ہو چکے تھے تمام شہر میں آپ کی کامیاب وکالت کا چرچا تھا بہترین کٹ کی شیروانی پہننے والے مشہور تھے علماء، فضلاء و وکلاء آپ کے دوست تھے۔

آپ نے اپنی زندگی میں پانچ شادیاں کیں سب سے پہلا نکاح 1884ء میں فخر النساء بیگم صاحبہ سے کیا۔ 1889ء میں ظہیر النساء بیگم صاحبہ سے شادی کی یہ دونوں بیویاں ایلور میں رہتی تھیں اور حضرت رضوی صاحب وکالت کے سلسلے میں حیدرآباد رہتے تھے۔ 1891ء میں سیدہ رئیس النساء بیگم صاحبہ بنت مولوی سید ادیب الدین صاحب سے تیسری شادی کی۔ آپ اپنے بیوی بچوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا کرتے تھے اپنی تیسری بیوی رئیس النساء بیگم صاحبہ کو زیادہ چاہتے تھے کیونکہ یہ زیادہ اطاعت گزار اور خدمت گزار تھیں۔

1902ء میں لیڈی جہانداد النساء بیگم صاحبہ دختر نواب افضل الدولہ بہادر مرحوم والی ریاست دکن کے ہاں سے بلاوا آیا اور ان کے اسٹیٹ کا وکیل آپ کو مقرر کیا گیا۔ نظام دکن نے پائیگہ اسٹیٹ کا کام اپنی بہن لیاقت النساء بیگم صاحبہ کے سپرد کیا تھا ان کو اسٹیٹ کی دیکھ بھال کے لئے قابل آدمی کی تلاش تھی بالآخر لیاقت النساء بیگم صاحبہ جو پہلے ہی بیوہ تھیں، نے اپنی والدہ سے حضرت رضوی صاحب کے ساتھ نکاح کی اجازت حاصل کر لی۔ 1906ء میں حضرت میر محمد سعید صاحب جو (یکے از رفقاء) جو آپ کے گہرے دوست تھے، نے آپ کا نکاح پڑھایا اب حضرت رضوی صاحب صدر نشین پائیگہ وقار الامر بہادر مقرر کئے گئے۔ اسٹیٹ کے تمام کاروبار آپ نے خوب سنبھالے جس کی رپورٹ نظام دکن کو دیتے جس سے وہ بہت خوش تھے 1912ء تک اس پائیگہ اسٹیٹ کی آمدنی گیارہ لاکھ سے کچھ اوپر ہوگئی یہ آپ کی قابلیت کا نتیجہ تھا۔

1930ء میں مرہٹہ قوم کی ایک لڑکی جو مسلمان ہوگئی تھی سے آپ نے شادی کی ان خاتون کا نام بعد میں بسم اللہ بیگم رکھا گیا۔

حیدرآباد دکن میں سب سے پہلے بیعت کرنے والے بزرگ حضرت میر مردان علی صاحب تھے جنہوں نے 23 ستمبر 1891ء کو بیعت کی ان کے بعد حیدرآباد دکن میں جب حضور کے اشتہارات وغیرہ آنا شروع ہوئے تو حضرت سید محمد رضوی صاحب کو بھی اس کی آگاہی ہوئی اور آپ نے حضور سے کتب منگوائیں اور ان کا مطالعہ کرتے رہے آپ کے دوست حضرت میر محمد سعید صاحب بھی اس تحقیق میں آپ کے ساتھ تھے۔ حضرت سید عبدالحکیم صاحب اپنے والد حضرت مولوی سید عبدالرحیم نگٹی کی قبولیت احمدیت کی روایت بیان کرتے ہیں:۔

’’والد صاحب کو حضرت میر محمد سعید صاحب نے ازالہ اوہام پڑھائی اور پھر دیگر کتب دیکھنے کا کہا .... حضرت میر صاحب نے پتہ بتلایا کہ آپ کے ایک پیر بھائی سید محمد صاحب رضوی (میرے والد اور رضوی صاحب دونوں مولوی حسن زمان کے مرید تھے) ان کے پاس کچھ کتابیں ہیں آپ ان سے مل کر کتابیں حاصل کرلیں چنانچہ والد مرحوم کے بے دھڑک شوق نے ان کو رضوی صاحب کے گھر پہنچایا پہلے سے کچھ جان پہچان نہیں تھی رسمی تعارف کے بعد بغیر کسی تولیہ و تمہید کے کتابیں مانگیں رضوی صاحب بھونچکے ہو گئے کہ آپ کو کیسے پتہ لگا مختصر یہ کہ رازداری کا پختہ وعدہ لے کر توضیح مرام و فتح اسلام کتابیں چھپا کر دیں۔ رضوی صاحب روشن خیال آدمی ہیں اور ہر قسم کی کتابیں ان کے کتب خانہ میں تھیں کہیں اشتہار دیکھ کر وہ کتابیں منگوالی ہوں گی۔

(الحکم 28 جون 1939ء ص 8، 9)

اس کے بعد آپ لکھتے ہیں کہ حضرت میر محمد سعید صاحب نے ستر لوگوں کی بیعت کا خط حضرت مسیح موعود کی خدمت میں بھیج دیا۔

اس کے بعد حضرت رضوی صاحب اپنے استاد مولوی حسن الزمان صاحب محدث سے اجازت لے کر حضرت میر محمد سعید صاحب کے ہمراہ قادیان تشریف لے گئے اور واپس آکر اپنے استاد سے ملے استاد نے کہا کیا لائے ہو آپ نے حضرت مسیح موعود کی کوئی عربی کتاب دی اور پھر چلے گئے۔ دوسرے دن جب استاد کے پاس پہنچے تو استاد بہت خوش تھے اور قہقہہ مار کر کہنے لگے یہ یعنی مصنف تو عربی کا شیر ہے اس کا کوئی مقابلہ نہیں کرسکتا آپ سمجھ گئے کہ حضور کی صداقت کے یہ گواہ ہیں۔

آپ کے مکان پر ہی تمام احمدی جمع ہوتے اور جمعہ کی نمازیں وغیرہ وہاں ہوتیں سالانہ جلسے بھی وہیں ہوتے۔

گھر والوں کی بیعت

اپنی بیعت کے بعد آپ نے تمام اہل خانہ کو بھی حضرت مسیح موعود کی بیعت میں داخل کروا دیا چنانچہ اخبار الحکم 17 مئی 1901ء ص 14 پر آپ کی معرفت آپ کے گھر کے بارہ افراد کی بیعت کا اندراج موجود ہے۔

کتب حضرت مسیح موعود میں ذکر

آپ ان خوش قسمت رفقاء میں سے ہیں جن کو حضرت مسیح موعود نے اپنے 313 رفقاء میں شامل فرمایا ہے، انجام آتھم میں دیئے گئے ان رفقاء کے نام میں آپ کا نام 244 نمبر پر موجود ہے۔ اسی طرح حضور نے اپنی تصنیف لطیف کتاب البریہ میں بھی گورنمنٹ کے سامنے اپنے مخلص رفقاء کے اسماء پیش فرمائے ہیں ان میں بھی آپ کا نام 133 نمبر پر موجود ہے۔

حضرت مسیح موعود کی مہمان نوازی میں

مہمان نوازی حضرت مسیح موعود کی سیرت کا ایک درخشاں پہلو ہے آپ مہمان کے ہر ممکن آرام کا خیال رکھتے حضرت سید محمد رضوی صاحب بھی جب قادیان جاتے تو حضور بڑی محبت سے آپ کو ملتے کھانے کے وقت حضور خود بسا اوقات کھانا لاتے اور آپ کے ساتھ بیٹھ کر کھاتے حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب فرماتے ہیں۔

’’ایک مرتبہ سید محمد رضوی صاحب وکیل ہائی کورٹ حیدرآباد دکن حیدرآباد سے ایک جماعت لے کر آئے سید صاحب ان ایام میں ایک خاص جوش اور اخلاص رکھتے تھے حیدرآبادی لوگ عموماً ترش سالن کھانے کے عادی ہوتے ہیں آپ نے خاص طور پر حکم دیا کہ ان کے لئے مختلف قسم کے کھٹے سالن تیار ہوا کریں تا کہ ان کو تکلیف نہ ہو..........‘‘

(سیرت حضرت مسیح موعود ص 152 از حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب)

مالی قربانیاں

حضرت سید محمد رضوی صاحب مالی قربانیوں میں ایک مثالی نمونہ رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ نے جس طرح آپ کو دنیاوی برکات سے نوازا تھا آپ نے بھی احسن رنگ میں اس کے شکر کا حق ادا کیا شاید ہی کوئی ایسا جماعتی چندہ ہو جس میں آپ باوجود علم ہونے کے نہ شریک ہوئے ہوں۔ مثال کے طور پر آپ کی مالی قربانیوں کے چند نمونے پیش کئے جاتے ہیں۔

اخبار الحکم 17/ اپریل 1901ء ص 16 پر رقوم اغراض مدرسہ، فیس بورڈنگ ہاؤس، عید فنڈ، مساکین کے لئے تینوں مدات میں آپ کا نام شامل ہے۔ حضرت مسیح موعود نے جب چندہ منارۃ المسیح کی تحریک فرمائی تو آپ بھی ان سابق فی الخیرات احباب میں شامل ہوئے جنہوں نے یک صد روپیہ چندہ ادا کیا۔

1914ء میں الحکم کی ضروریات کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی طرف سے چھ ہزار روپے کی اپیل کی گئی اس اپیل کا فوری عملی جواب دینے والوں کی فہرست میں دوسرا نام آپ کا تھا، نام کے ساتھ ہی حضرت عرفانی صاحب نے تحریر فرمایا

''ہمیشہ نواب صاحب الحکم کے احیاء و بقا میں بہت بڑا حصہ لیتے رہے ہیں اور سراً انہوں نے الحکم کو ہمیشہ قیمتی مدد دی ہے جب سے وہ مشکلات میں ہے ان کے سامنے الحکم کے مشکلات کا سوال ہے اللہ تعالیٰ جب چاہے گا اس کا حل ہوگا۔ مجھے بارہا نواب صاحب نے پوچھا میں کیا مدد دوں مگر میں ان کی قیمتی امداد کو ابھی کسی دوسرے وقت پر ملتوی کرتا ہوں.......... نواب صاحب نے نہ صرف الحکم کی بلکہ سلسلہ کی ہمیشہ بے نظیر قیمتی خدمات کی ہیں حضرت مسیح موعود کی زندگی میں ضروریات سلسلہ کے موقع پر ہمیشہ آپ کو خطاب کیا جاتا تھا۔ 1901ء میں حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے آپ کو ایک پبلک خط میں لکھا تھا کہ مدرسہ کے منتظم آپ کے وجود کو خدا کا فضل اور غنیمت سمجھتے ہیں اور آپ کو ایک آدمی دیکھتے ہیں جو اپنے وعدہ کا پورا پاس کرتا ہے۔ موعودہ چندہ کو جس پابندی اور خوبی کے ساتھ آپ پہنچا رہے ہیں بھائیوں کے لئے قابل تقلید نمونہ ہے آخر آپ ہی کی ہمت اور جوانمردی امید گاہ نظر آئی۔ غرض نہایت عالی ہمتی سے آپ نے مدد دی ہے اور سلسلہ کی تمام مدات آپ کی فیاضیوں کو یادگار رکھتی ہے آپ نے اکائیوں اور دہائیوں سے لے کر سینکڑوں اور ہزاروں تک اس راہ میں دے دیئے ہیں جن کی تفصیل کا یہ وقت نہیں......

(الحکم 14 مئی 1914ء ص 2'1)

الفضل 25 فروری 1914ء ص 12 کالم 3 پر دعوت الی الخیر فنڈ میں آپ کے 100 روپے چندہ کا ذکر ہے۔

مالی قربانیوں کے ان مرکزی مدات کے علاوہ جماعت حیدر آباد میں بھی آپ نے ذاتی خرچ پر جماعتی نظام کو بہت منظّم کیا ہوا تھا اور مقامی جماعت کے اخراجات کا کافی حصہ آپ نے اپنے ذمہ لے رکھا تھا آپ کے بیٹے سید عبدالمومن رضوی صاحب بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ چنتہ کنٹہ گاؤں جو حیدر آباد دکن کے قریب ہے، کے سالانہ جلسہ کے موقع پر (1942ء میں) مجھے حضرت سید بشارت احمد صاحب نے بتایا کہ ایک زمانہ تھا کہ ہم لوگ حضرت مسیح موعود کے زمانے میں جلسہ سالانہ کیا کرتے تھے کوئی دوست 4 آنے دیتے، کوئی دوست 8 آنے دیتے مگر حضرت نواب رضوی صاحب چھ روپیہ دیتے تو ہم بہت خوش ہو جاتے اور جلسہ سالانہ آٹھ آٹھ دن تک مناتے کیونکہ اس زمانے میں 6 روپے بہت ہو جاتے۔

اسی طرح کتب سلسلہ کی اشاعت وغیرہ میں بھی آپ پیچھے نہ رہتے، صدر انجمن کی ایک سالانہ رپورٹ میں لکھا ہے۔

''حیدر آباد دکن.......... اجلاس ہوتے ہیں جن میں مولوی غلام اکبر خاں صاحب معتمد وکلاء اور رجسٹرار صاحب اور جناب سید محمد رضوی صاحب.......... بڑی دلچسپی لیتے ہیں اور اشاعت کتب سلسلہ میں ان کی سعی قابل شکریہ ہے۔''

(سالانہ رپورٹ صدر انجمن قادیان اکتوبر 1910ء تا ستمبر 1911ء ص 76'75)

جماعتی چندوں اور مالی قربانیوں کے علاوہ آپ کی محبت اور مالی قربانی کا ایک نمونہ یہ بھی ہے کہ آپ نے قرآنی حکم رشتہ داروں کی خبر گیری سے بھی کبھی لاپرواہی نہیں برتی آپ نے خاندانوں کے بعض افراد کو مالی طور پر بہت مستحکم کیا پھر قریبی رشتہ داروں کے علاوہ قریبی دوستوں کے معاش کے ذرائع مہیا کرنے میں مدد دی مثلاً حضرت عبدالحکیم کٹکی بیان کرتے ہیں کہ جب ان کے والد صاحب حضرت عبدالرحیم صاحب کٹکی نے بیعت کی تو بیعت کے بعد ایک کتاب ''الدلیل المحکم علی وفات المسیح ابن مریم'' لکھی جس کی وجہ سے آپ کو نوکری سے نکال دیا گیا لیکن حضرت رضوی صاحب کی کوشش سے والد مرحوم کو وکیل سلطان محمود صاحب کے پاس ٹیوشن مل گئی۔

(الحکم 28 جون 1939ء ص 9 کالم 3)

علاوہ ازیں 1906ء میں جب آپ کی شادی نظام دکن کی بھانجی لیاقت النساء بیگم صاحبہ سے ہوئی تو آپ پائیگہ سٹیٹ کے صدر نشین مقرر کئے گئے آپ نے آتے ہی ملازمین کے رکے ہوئے وظائف اور تنخواہیں ان کو دلوادیں آپ کے اس احساس اور فوری توجہگی کی وجہ سے ملازمین آپ کو بے حد محبت اور احترام سے ملتے آپ کا یہ عمل بھی ایک قابل تحسین کارنامہ ہے۔

بیت مبارک قادیان کے لئے دریوں کا تحفہ

آپ جب حضرت اقدس کی خدمت میں قادیان حاضر ہوتے تو تحفۃً کچھ چیزیں بھی لے جاتے۔ مثلاً الحکم 17/ مئی 1901ء ص 16 کالم 3 پر آپ کے قادیان حاضر ہونے اور بیت الذکر کے لئے عمدہ دریاں لانے کا ذکر ہے۔ ایک مرتبہ حضرت سید سرور شاہ صاحب سے کسی نے پوچھا کہ پہلے زمانے میں بیت مبارک کی صفیں کیسی ہوا کرتی تھیں آپ نے فرمایا کہ سیالکوٹ میں وب کی صفیں بنا کرتی تھیں جو مضبوط ہوتی تھیں وہ منگوائی جاتی تھیں پھر حیدر آباد دکن سے نواب رضوی صاحب جو ان دنوں وکیل تھے کچھ صفیں لائے تھے جو بیت الذکر اور ساتھ والے کمرہ میں بچھائی گئیں۔ (رجسٹر روایات رفقاء نمبر 12 ص 6'5)

اس کے علاوہ حضرت اقدس کی خدمت میں کیوڑہ بھجوانے کا ذکر بھی محفوظ ہے چنانچہ روایت میں آتا ہے:

''مولوی عبداللہ صاحب کشمیری کی علالت طبع کا ذکر آ گیا کہ ان کو اضطراب بہت ہے حضرت مسیح موعود نے فرمایا کیوڑہ اور گاؤزبان بہت مفید ہے اور فرمایا کیوڑہ تو میرے پاس بہت اعلیٰ درجہ کا ہے جو سید رضوی صاحب نے حیدر آباد دکن سے بھیجا ہے مگر گاؤزبان نہیں، کیوڑہ میں لائے دیتا ہوں..........''

(الحکم 24 نومبر 1902ء ص 4 وملفوظات جلد دوم ص 528'527)

بمبئی کی طرف ہجرت

1912ء میں نواب عثمان علی خان صاحب سلطنت آصفیہ کے تخت شاہی پر متمکن ہوئے، سلطنت آصفیہ کے بعض اکابر خصوصاً مہاراجہ سر کشن پرشاد حضرت رضوی صاحب سے بہت نالاں تھے اور حضرت رضوی کے خلاف موقع کی تلاش میں تھے جب نواب عثمان علی خاں صاحب آئے تو ان کو آپ کے خلاف ابھارا گیا چنانچہ انہوں نے آپ کے تعلق داروں کو نشانہ بنایا۔ مال و اسباب ضبط کئے۔ آپ نے یہ صورت حال دیکھی تو اپنی فوج کو حرکت میں آنے سے منع کیا تاکہ کسی قسم کا جانی نقصان نہ ہو اور خود وہاں سے ہجرت کا فیصلہ کر لیا چنانچہ آپ 25/ اپریل 1912ء کو سٹیٹ کا کوئی ساز و سامان لیے بغیر نہتے اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر وہاں سے بمبئی آ گئے۔ آپ کے چلے جانے کے بعد سٹیٹ کے لوگوں پر بہت اداسی چھا گئی۔

بمبئی آنے کے بعد خدا تعالیٰ کے فضل سے باوجود اس کے کہ آپ خالی ہاتھ حیدر آباد سٹیٹ سے آئے تھے پھر بھی معاش کی کوئی پریشانی نہیں آئی کیونکہ وکالت کے زمانے کا کافی روپیہ آپ کا بینک میں جمع تھا جو اس موقع پر کام آیا، آپ نے بمبئی میں لیاقت النساء بیگم صاحبہ کے نام سے ''لیاقت منزل'' ایک عالی شان بلڈنگ بنائی اس کے علاوہ دو اور اچھی کوٹھیاں بنوائیں اور کرایہ پر دے دیں جن کا کرایہ تقریباً 3300 روپے ماہانہ ملتا تھا جس کے ذریعہ بھی بمبئی میں خرچے کے سامان پیدا ہوئے۔

بمبئی میں جماعتی خدمات

حضرت سید محمد رضوی صاحب کے حیدر آباد سے بمبئی چلے آنے پر حیدر آباد کی جماعت کو ایک مخلص وجود سے محروم ہونا پڑا لیکن جماعت احمدیہ بمبئی کی قسمت جاگ اٹھی کہ آپ جیسے عظیم وجود کی قربانیاں اب بمبئی جماعت کے حوالے سے سامنے آنے لگیں۔ بمبئی میں آپ کا مسکن جماعتی مہمانوں کے لئے ہر وقت کھلا رہتا تھا اور ان کے قیام و طعام کا خرچ آپ اپنے ذمہ لیتے۔ چنانچہ لکھا ہے:

''سید محمد رضوی صاحب ساکن حیدر آباد دکن حال وارد بمبئی نے خواجہ صاحب، ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب، مولوی غلام رسول صاحب راجیکی اور سید لعل شاہ صاحب برق جو بغرض (دعوت الی اللہ) تشریف لائے اور ایسا ہی صاحبزادہ مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب جو مصر جا رہے تھے ان کے دو ہمراہی اور میر ناصر نواب صاحب جو حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے ان جملہ احباب کے قیام بمبئی کا خرچ مکان و خوراک وغیرہ اپنے ذمہ لیا۔''

(سالانہ رپورٹ صدر انجمن احمدیہ قادیان 12-1911ء ص 100)

1919ء میں حضرت مولوی عبدالرحیم نیر صاحب اور حضرت چوہدری فتح محمد سیال صاحب بطور مربی انگلستان بھجوائے گئے جو بمبئی بندرگاہ سے روانہ ہوئے، بمبئی میں قیام کے دوران حضرت رضوی صاحب کے مخلصانہ برتاؤ کا ذکر کرتے ہوئے حضرت عبدالرحیم نیر صاحب فرماتے ہیں:۔

''18 جولائی 1919ء...... نواب سید رضوی صاحب سے ملاقات ہوئی اور صاحب موصوف محبت و تپاک سے پیش آئے اپنی موٹر میں بٹھا کر ہمیں اپالو بندر اور سیٹھ اسمٰعیل آدم کی دوکان پر لے گئے..........''

(الفضل 30 ستمبر 1919ء صفحہ 11 کالم 2)

1924ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی جب پہلی مرتبہ اپنے بارہ رفقاء کے ساتھ انگلستان تشریف لے گئے تو واپسی پر حضور نے حضرت رضوی صاحب کے گھر ہی قیام کیا چنانچہ اخبار الفضل حضور کی واپسی کی رپورٹ قلم بند کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''18 نومبر 1924ء کو حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مظفر و منصور یورپ کے سفر سے بمبئی کے ساحل پر.......... اترے ساحل سمندر پر احمدی جماعت کے نمائندوں نے پر جوش و اخلاص استقبال کیا.......... اور وہاں سے لیاقت منزل میں پہنچے جناب نواب سید محمد رضوی صاحب کے مہمان ہوئے جنہوں نے نہایت فراخ دلی سے انتظام کیا ہوا تھا اور آپ مہمانوں کے آرام کے لئے ہر طرح مصروف تھے..........''

(الفضل 6 دسمبر 1924ء ص 2 کالم 1)

20 نومبر 1924ء کو حضور نے اسی قیام کے دوران آپ ہی کے مکان ''لیاقت منزل'' پر گاندھی جی

باقی صفحہ 6 پر

صفدر نذیر گولیکی صاحب

ربوہ میں صبح کی سیر کے دلچسپ نظارے

مورخہ 26فروری 2005ءکو سیر کے مقابلہ میں شریک ہونے کا پروگرام رات بھر بنتا رہا۔ سب سے پہلے دعا کی پھر سیر کرنے کا راستہ متعین کیا۔ پھر ساتھی کا انتخاب کیا تاکہ ماحول خوشگوار رہے۔ انہی سوچوں میں رات بھر کروٹیں بدلتے گزری۔ ربوہ میں سیر کا اپنا مزہ ہے۔ جہاں ہر طرف روحانی پاکیزگی پائی جاتی ہے۔ وہاں ماحول اور راستوں کی صفائی، ستھرائی کا خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ تزئین ربوہ کمیٹی کو جزائے خیر دے جنہوں نے سرسبز وشاداب پودے ہر طرف لگا کر ماحول کو خوشگوار بنا دیا ہے لیکن اس وقت مجھے حضرت مصلح موعودرہ رہ کر یاد آرہے تھے جنہوں نے خدائی بصیرت کے تحت اس شہر کی بنیاد رکھی اوراس کو ہر لحاظ سے عظیم شہر بنایا۔ اللہ تعالیٰ حضرت مصلح موعود کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

مقابلہ شروع ہوااور میں ایک ساتھی سمیت دفاتر صدر انجمن کے گیٹ سے نکل کر سڑک پر پہنچا۔ سب سے پہلی نگاہ دور دور تک ترتیب میں لگے ہوئے سڑک کے دائیں اور بائیں پودوں پر پڑی جس نے فضا کو معطر کر دیا تھا۔ مزید برآں یہ کہ ہر پودے پر لگی جالی اوراس پر لکھی تحریر ہر ایک کو اپنی اصلاح اور ماحول کی اصلاح کی طرف توجہ دلا رہی تھی۔ مثلاً ماں باپ کا ادب کرو، بڑوں کا احترام کرو، جھوٹ مت بولو، غیبت کرنا گناہ ہے، خاموشی عبادت ہے وغیرہ وغیرہ۔ ہر پودا ماحول کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ مزاج کو خوبصورت بنانے کا کام کررہا ہے۔ میرے بائیں طرف تحریک جدید کی خوبصورت عمارت تھی جو کہ نظام نو کی تحریک کو دنیا کے کناروں تک پہنچانے کے لئے کوشاں ہے۔ پہلے چوک سے دارالضیافت کی طرف مڑتے ہی حضرت مسیح موعود کا الہام وسع مکانک کی نوید کانوں میں سنائی دینے لگی۔ وہ لنگر خانہ ومہمان خانہ جو قادیان میں تھا۔ جس میں مہمانوں کی مہمان نوازی حضرت مسیح موعوداور آپ کے رفقاء اور حضرت اماں جان کیا کرتی تھیں۔ اب اللہ تعالیٰ نے اتنی برکت ڈالی کہ ہر ملک میں ایسے مہمان خانے تیار ہوگئے ہیں جو 24 گھنٹے مہمانوں کی ناز برداریاں برداشت کرتے ہیں اور ربوہ کا دارالضیافت اپنی وسعت اور اچھی مہمان نوازی کے اعتبار سے منہ بولتی تصویر ہے۔

دارالضیافت تک پہنچتے پہنچتے السلام علیکم، السلام علیکم کی صدا بھی آنے لگی اور پھر آنے جانے والے کو السلام علیکم کرنے کا موقعہ ملا جو سنت رسولؐ اور حکم رسولؐ ہے۔ درود واستغفار کرتا ہوا یادگار اماں جان کے قریب سے ہو کر گزرا اوراس عظیم خاتون کی عظمت کی یادیں نظروں کے سامنے گزر گئیں۔ حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ ایک کچے مکان میں اس جگہ رہا کرتی تھیں۔ دہلی سے ایک امانت جو آئی خواجہ میر درد کے خاندان کی لاڈلی اور حضرت مسیح موعود کے لئے آسمان سے بلند مقامات پانے والی کی یادگار کو دیکھتے ہوئے اوراس کے درجات کی بلندی کے لئے دعائیں کرتے ہوئے دارالضیافت کی پچھلی سڑک سے گزر رہا تھا۔ یہاں پر ایک چھوٹی بستی ہے جو عیسائیوں کی بستی ہے۔ امن وسکون سے ربوہ میں رہ رہے ہیں۔ چرچ پر صلیب کا نشان ان کے لئے اس شہر میں آزادی مذہب کی علامت ہے۔

انہی سوچوں میں میں بیت الکرامہ کے پاس سے گزر رہا تھا۔ بیت الکرامہ وہ جگہ ہے جہاں ایسے احباب رہائش پذیر ہیں جو غریب، مسکین اور بوڑھے ہوں اوران کو سنبھالنے والا کوئی نہ ہو۔ نظام جماعت احمد یہ کتنا خوبصورت نظام دنیا میں عملی طور پر پیش کرتی ہے کہ ہر عمر کے لوگوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔ بیوت الحمد، بیت الشکر جیسی بستیاں اس کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ لنگر خانہ نمبر 1 کے سامنے سے گزرتے ہوئے جلسہ سالانہ کی یادیں دل میں مچلنے لگیں۔

ے

بس میں نہیں جذبات نہ پوچھو
اس موسم کی بات نہ پوچھو

اس لنگر میں ڈیوٹی کا اپنا ہی مزہ تھا۔ گوشت کی تیاری، روٹیوں کی پکوائی، تقسیم سالن وروٹی سبحان اللہ کس قدر رونق ہوتی تھی۔ سامنے سٹیشن جہاں لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ ٹرینوں پر آنے والے مہمانوں کی راہنمائی کی جاتی تھی۔ نعرہ تکبیر سے ربوہ کی فضا کھنک جایا کرتی تھی۔ انہی سوچوں میں اور یہ دعا کرتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ وہ دن دوبارہ لائے۔

ع

دن گنا کرتے تھے جس دن کے لئے

میں حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب کی کوٹھی کے سامنے سے گزر رہا تھا۔ یہ وجود بھی کیا پارسا، نیک، متوکل علی اللہ اور عاجز ومنکسر مزاج، محبت وشفقت کا پیکر تھا۔ انہیں دیکھنے، ملنے اور باتیں کرنے کا اوران کی کتاب تحدیث نعمت پڑھنے کا موقعہ مل چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور مجھے بھی ایسا بننے کی توفیق دے کی دعا کرتا ہوا شارع صدر پر چلتے ہوئے شارع دخت کرام پر جارہا تھا۔ یہاں پہنچ کر قدم کچھ رکنے لگے اور خلفاء کی یاد آنے لگی۔ ایک عربی شاعر کہتا ہے (ترجمہ) یہاں میرے محبوب کی نشانیاں بکھری پڑی ہیں۔ میرا محبوب یہاں سے گزرا ہے۔ اس کے کھانا پکانے (چولہے) اور رہائش کے آثار پر کچھ دیر رک جاؤ۔ یہی سوچ سوچ کر اور سمجھ سمجھ کر قدم رکھنے شروع کئے۔ میں نے بھی ان قدموں پر اپنے قدم رکھنے چاہے جن راستوں پر ہمارے محبوب خلفاء نے قدم رکھے۔ یہاں سے گزرتے ہوئے ادب واحترام سے آنکھیں جھک گئیں۔ یہ سب ان گھروں کے رہنے والوں کی عظمت وشوکت کی وجہ سے تھا۔

اب میں سرگودھا روڈ پر مشرق کی طرف چل رہا تھا۔ نکلتے ہوئے سورج کی کرنیں سارے ماحول کو روشن کر رہی تھیں۔ سڑک کے ایک طرف بلند و بالا سفیدے کے درختوں کی قطاریں اور دوسری طرف چٹیل میدان اور پھر بلند وبالا خشک پہاڑ۔ اس جگہ سے سرگودھا 45 کلومیٹر اور اتنا ہی فیصل آباد کا فاصلہ ہے۔ میں سڑک سے ہٹ کر کچے راستے پر ہولیا۔ میرے بائیں طرف سوئی گیس کی پائپ لائن کا ایک سٹیشن تھا۔ جن پائپوں میں سے گیس کے چلنے کی آواز آرہی تھی۔ گیس بھی اللہ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ جو فی زمانہ باقی تیل، پٹرول اور بجلی سے قدرے سستی ہے۔

ابھی انہیں سوچوں میں اور خدا کا شکر کرتے ہوئے چل رہا تھا کہ بہشتی مقبرہ کے گیٹ کے سامنے پہنچ گیا۔ بہشتی مقبرہ میں داخل ہونے کی دعا پڑھی اوراس نہایت ہی منظّم قبرستان جس کا نام بہشتی مقبرہ ہے کے اندر داخل ہوا۔ قبروں کی ترتیب وتزئین نظام نو کو پیش کرنے والے اوراس کی جماعت کے اندر پائی جانے والی ترتیب وتنظیم کو پیش کر رہی تھی۔ کسی نے کیا خوب کہا تھا ’’جس قوم کے مردے اتنی ترتیب میں پڑے ہیں اس قوم کا اپنا کیا حال ہوگا۔‘‘ (مفہوم)

آج خاص طور پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی قبر پر دعا کرنا تھی۔ جن کے طفیل آج نہایت امن وسکون کے ساتھ اس پرامن شہر میں ہم رہ رہے ہیں۔ اس شہر کے لئے آپ نے بہت دعائیں کی تھیں۔ ان دعاؤں کے طفیل یہ شہر ہمیشہ امن وسلامتی کا گہوارہ رہے۔ آمین

دعا کے بعد واپس پھولوں کی پھلواڑیوں میں سے ہوتا ہوا پھر کچے راستے پر چلتے ہوئے کوٹ امیر شاہ کی طرف جانے والے راستے پر چل رہا تھا۔ دائیں طرف عام قبرستان اور بائیں طرف بہشتی مقبرہ۔ تھوڑا آگے چل کر چند کھنڈرات اور پرانی قبریں بھی تھیں۔ درہ پر پہنچ کر (جو پہلے درہ ہوتا تھا) اب تو کھلا میدان ہے ایک اور قرآنی پیشگوئی کو ہم نے اپنی آنکھوں سے پورا ہوتے دیکھا ہے۔ جب پہاڑ چلائے جائیں گے۔ بلند وبالا پہاڑ کو چلتے دیکھا اوراس سے موٹروے تعمیر کی گئی۔ کوٹ امیر شاہ کی طرف مچھلی فارم زیر تعمیر ہے اور دوسری طرف سامنے ٹرکوں پر بجری لوڈ ہورہی تھی۔ کچے راستے پر چلتے ہوئے قبرستان عام سے اوپر کی طرف سے ہوتے ہوئے پھر فیصل آباد روڈ پر پہنچے۔ اس کچے راستے کے ایک طرف قبرستان اور دوسری طرف پٹھانوں کی پتھروں سے بنی ہوئی بستی ہے جو پہاڑ کو توڑنے والوں کی بستی ہے۔ یہ پتھروں کا کام کرنے والے، پتھروں کے گھروں میں رہنے والے بھی کیسی زندگی گزارتے ہیں لیکن ان کے گھروں کی تعمیر جو چھوٹے بڑے پتھروں کو تراش خراش کر ہوئی تھی خوب منظر پیش کر رہی تھی۔ پختہ سڑک پر چلتے ہوئے ربوہ کے تھانہ کے آگے سے گزرا۔

بس اڈہ سے گولبازار کی سڑک پر چلتے ہوئے فضل عمر ہسپتال میں داخل ہوا۔ سرجیکل وارڈ میں ایسے مریضوں سے ملا جو ایکسیڈنٹ کی وجہ سے صاحب فراش ہیں۔ ان کے لئے دعا کی، خیریت دریافت کی اور خدا کا شکر بجالایا جس نے ہمیں چلنے پھرنے کی طاقت عطا فرمائی ہے۔ الحمد للہ دونوں مقصد باحسن پورے ہوئے۔ عیادت کے بعد واپس سڑک پر پہنچا تو سامنے چمکتے ہوئے اور آنکھوں کو خیرہ کرتے ہوئے زبیدہ بانی ونگ کے بورڈ پر نظر پڑی۔ زبیدہ مرحومہ کی مالی قربانی اوران کے بچوں کی اپنی ماں سے محبت کی منہ بولتی تصویر، مریضوں کو خاص طور پر عورتوں کو شفا مہیا کررہا ہے۔ اللہ تمام مریضوں کو شفا کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

میری آج کی سیر کا اختتام ہوگیا تھا اور میں واپس انصاراللہ کے دفتر پہنچ گیا۔ پیدل چلنا بھی کیا ہی خوب مشغلہ ہے اور پھر صبح کی سیر تو اپنے اندر بہت ہی فوائد کا موجب ہے۔ خاص طور پر ذیابیطس اور دل کے مریضوں کے لئے صبح کی سیر جیسا عمدہ نسخہ اور مفت علاج کہیں نہیں مل سکتا۔ پس ہم سب انصار بھائیوں کو خاص طور پر صبح کی سیر کرنی چاہئے۔ یہ حفظان صحت کے لئے نہایت دیرپا اور آسان کام ہے۔

سیر وتفریح اور ورزش انسانی صحت کے لئے از حد ضروری ہیں۔ اور ہرگز نیکی اور بڑی عمر کی شان کے منافی نہیں۔ حضرت رسول اکرم ﷺ سے ثابت ہے کہ ایک دفعہ آپ ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے دوڑ کا مقابلہ فرمایا۔ حضرت مسیح موعود سے بھی ایک مرتبہ دینی غیرت کے اظہار کے طور پر ایک سکھ کو نیچا دکھانے کے لئے دوڑ کا مقابلہ ثابت ہے۔ جس میں آپ نے اس کا غرور توڑا اوراسے مات دی۔ اسی طرح حضرت مسیح موعود ہر روز صبح پیدل سیر کیا کرتے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی بھی قادیان سے باہر سیر کے لئے تشریف لے جایا کرتے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں ’’ورزش کی عادت جو ڈالی جاتی ہے وہ اسی لئے ہوتی ہے کہ انسان کے جسم میں چستی اور پھرتی پیدا ہو اوراس کے اعضا درست رہیں۔ اوراس کی ہمت بڑھے۔‘‘

(الفضل 28مارچ 1939ء)

چونکہ سیر کا مقابلہ ہوا ہے اور سیر کے دوران سارا جسم، آنکھ، کان، ناک، ہاتھ، پاؤں سب حرکت کر رہے ہوتے ہیں تو معلومات کے لئے ایک جائزہ بھی پیش ہے جو کہ نہایت دلچسپ ہے۔

دل:

دن کے پورے چوبیس گھنٹوں میں ہمارا دل ایک لاکھ مرتبہ حرکت کرتا ہے۔ اور پانچ ہزار گیلن خون جسم میں پمپ کرتا ہے۔ اس کام میں جو طاقت خرچ ہوتی ہے وہ ایک درمیانی ریل گاڑی کو 60 میل کی رفتار سے ایک میل تک چلا سکتی ہے۔

(باقی صفحہ 6پر)

ریاض احمد ملک صاحب دوالمیال

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب مربی سلسلہ کی یاد میں

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب کی بورکینا فاسو میں وفات پا جانے کی افسوس ناک خبر پڑھی تو بہت افسوس ہوا۔ ایک دھچکہ لگا دل کو اور کیوں نہ لگتا کیونکہ مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب کے ساتھ جب وہ دوالمیال جماعت میں خدمات سرانجام دے رہے تھے بہت اچھے دن گزرے تھے۔

جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ نے کچھ عرصہ دوالمیال ضلع چکوال میں بطور مربی سلسلہ خدمات سرانجام دیں اور اپنی خوش خلقی، خوش طبعی اور ہر ایک سے حسن اخلاق سے پیش آ کر محبت اور الفت سے مثالی خدمت کے نقوش دوالمیال جماعت کے احباب کے دلوں میں چھوڑے۔ معاملہ فہم ایسے کہ جب کوئی پیغام دینا ہوتا تو ایسے بجے تلے الفاظ میں کہ سننے والا ضرور اس کا اثر قبول کرتا تھا آپ اطفال، خدام، انصار، لجنہ میں یکساں مقبول تھے کیا اخلاق تھا اس ہنس مکھ چہرے کا، کیا دلربا انداز تھا تقریر کا۔ ہر وقت چاق و چوبند خدمت خلق اور سلسلہ کی خدمت کے لئے تیار اور دعوت الی اللہ کے لئے کوئی موقع نہیں گنوایا، چوبیس گھنٹے مستعد۔ محبتوں کے دیپ جو انہوں نے ہمارے دلوں میں جلائے وہ دیپ اب بھی جل رہے ہیں۔

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب جب دوالمیال میں خدمات سرانجام دے رہے تھے تو اس وقت خاکسار کے پاس فرحان ماڈل سکول دوالمیال میں اکثر آیا کرتے تھے اور دفتر میں ان سے ہر موضوع پر خوب باتیں ہوتی تھیں۔ ان کا ہنس مکھ چہرہ اب بھی میری نظروں کے سامنے ہے۔

اصل میں دوالمیال جماعت کا مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب سے ایک گہرا رشتہ ہے جس کی وجہ سے دوالمیال جماعت کے ہر فرد کے دل میں وہ ہمیشہ زندہ جاوید رہیں گے۔

